© rasailojaraid.com

کونسل کے زیرِ نگرانی مجوزہ علاقے کے بعض مقامات پر مسیحی اکثریت ہے اور ان میں زیادہ تر رومن کیتھولک ہیں۔ حکومت فلپائن اور "مورو نیشنل لبریشن فرنٹ" نے اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ ان مقامات کو خود مختار مسلم خطے میں حتماً شامل کرنے سے پہلے استصوابِ رائے کرایا جائے گا۔

مذکورہ بالا صورتِ حال سے مسیحی رہنما مطمئن نہیں۔ ملک کی پارلیمنٹ میں جنوبی فلپائن کی ایک نمائندہ خاتون نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ اس معاہدے کے خلاف مظاہرے کی قیادت کرے گی جس میں قومی جھنڈا بطور احتجاج جلایا جائے گا۔ پارلیمنٹ کی رکن ماریا کلارا لوبرگیٹ نے کہا کہ "ہم اس معاہدے کی مخالفت جاری رکھیں گے۔ دیکھیں گے کہ عوام کی آواز سنی جاتی ہے یا نہیں۔" فلپائن کے کلیسیائی رہنماؤں نے بھی "مورو نیشنل لبریشن فرنٹ" کے مجوزہ کردار پر تنقید کی ہے۔

## ملائشیا: قومی زبان اور اقلیتی مذاہب

[غیر مسلموں اور بالخصوص مسیحیوں کی جانب سے ملائشیا کی قومی زبان "ملے" میں لٹریچر کی اشاعت اور اس میں مسلم دینی اصطلاحات کے استعمال پر حساس مسلمان حلقوں کو اعتراض ہے۔ حال ہی میں وزیر اعظم مہاتر محمد نے ایک بیان میں کہا ہے کہ قومی زبان بلا اختلاف مذہب ملائشیا کے تمام لوگوں کی زبان ہے۔ اس بیان پر ملائشیا کی غیر مسلم اقلیتوں اور بالخصوص مسیحیوں نے از حد مسرت کا اظہار کیا ہے۔ "دی کرسچن وائس" میں چھپنے والے ایک کالم کا ترجمہ ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔ مدیر]

ملائشیا جیسے کثیر ثقافتی وفاق میں زبان مسائل کا باعث بن سکتی ہے۔ حال ہی میں وزیر اعظم ڈاکٹر مہاتر نے یہ بات واضح کرنے کی ضرورت محسوس کی کہ قومی زبان "ملے" تمام نسلی گروہوں اور اُن مختلف مذاہب کی زبان کی ہے جو ملائشین قوم کا حصہ ہیں۔ مبصّرین کے خیال میں وزیر اعظم کی یہ یقین دہانی اس لیے اہم ہے کہ پچھلے چند برسوں سے بعض مسلمان گروہ اس بات پر احتجاج کر رہے ہیں کہ مسیحیوں نے وعظ و اشاعتِ مسیحیت کے لیے قومی زبان کا استعمال شروع کر رکھا ہے۔

مسلمانوں کا نقطۂ نظر ہے کہ بعض الفاظ مثلاً خداوند کا نام [اللہ] اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب کو قومی زبان میں استعمال کرنے کا حق نہیں۔ اس پس منظر میں مسیحی، ہندو، بدھسٹ، اور سکھ رہنما وفاقی حکومت سے اس پریشانی کے ازالے کے لیے اپیلیں کرتے رہے ہیں۔

ملے انڈونیشیا کی سب سے بڑی اور اہم زبان ہے۔ حصولِ آزادی کے بعد اسے ملائشیا کی قومی زبان کا درجہ دیا گیا اور یہ مسلم اکثریت کی تاریخی زبان ہے۔ ملائشیا میں بولی جانے والی دوسری زبانوں



© rasailojaraid.com